سوال

(53) انگلینڈ میں کوئی جگہ ہے جہاں ستر ہزار نماز کا ثواب ملتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کارڈف سے غلام حسین دریافت کرتے ہیں کہ ایک صاحب ایک دینی مجلس میں بیان کر رہے تھے اور اس دوران انہوں نے انگلینڈ میں ایک جگہ کا نام لے کر کہا کہ وہاں نماز کا ثواب ستر ہزار ہے پھر مزید اضافہ کرتے ہوئے کہا، لاکھ تک ہے۔ یہ کہاں تک درست ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو لوگ اس طرح کی چیزیں بیان کرتے ہیں کہ انگلینڈ میں بھی کوئی ایسی جگہ ہے جہاں ایک نماز پڑھنے کا ثواب ۷۰ ہزار یا، لاکھ تک ہے' وہ بہت بڑا بہتان تراشتے ہیں۔ انگلینڈ کا کوئی شہر کس قطار میں ہے جب کہ کسی اسلامی ملک کے کسی شہر کو یہ حیثیت نہیں دی جا سکتی۔ رسول اللہ ﷺ نے مسجد حرام' مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی ﷺ کے علاوہ کسی اور جگہ کو اس طرح فضیلت عطا نہیں کی اور نہ کسی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی طرف سے ثواب کی یہ تقسیم جاری کرے۔ ہمارے علم کے مطابق شریعت میں کوئی ایسی دلیل نہیں جس سے کسی دوسری جگہ کی اس طرح فضیلت ثابت ہو۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص159

محدث فتویٰ